اگر اِن جماعتوں کی جدوجہد کا مقصد، جیسا کہ اُن میں سے بعض دعوی کرتے ہیں، مشرکین سے قتال ہے تو یہی جماعتیں پاکستان میں سکھ مشرکین کا استقبال کیوں کرتی ہیں اور ہندوستان سے خالصتان کی علیحدگی کی حمایت کیوں کرتی ہیں جبکہ وہ اچھی طرح جانتے ہیں کہ مشرک سکھوں کی تحریک کا مقصد شرک پر مبنی خالصتان کی ریاست کا قیام ہے؟ اِسی طرح یہ تنظیمیں چین کے بت پرست کافروں کے خلاف جہاد کا انکار کیوں کرتی ہیں حالانکہ ایک طویل عرصے سے مشرقی ترکستان میں چین، اسلام سے انتساب رکھنے والوں پر مسلسل ظلم ڈھا رہا ہے؟ کیا اِن جماعتوں کی جانب سے چین کے خلاف جہاد سے انکار کی واحد وجہ یہی نہیں کہ انکے طاغوت پاکستان کی چین سے گہری دوستی ہے اور چین سے پاکستان کی مرتد حکومت اور فوج کے مالی مفادات وابستہ ہیں۔ اسی طرح شام، عراق، یمن اور دیگر علاقوں میں اہلِ سنت پر مظالم ڈھانے والے رافضی مشرکین کو بھی یہ جماعتیں اپنی کانفرنسوں اور سٹیجوں پر بلاتی ہیں اور اُنکی عزت افزائی کرتی ہیں۔

ہندوستان کے زیرِ قبضہ کشمیر میں ایک محدود تعداد میں ہی جنگجو کیوں لانچ کیے جاتے تھے جبکہ اِن جماعتوں کے تربیتی مراکز میں اور اِن سے وابستہ ہزاروں ایسے افراد موجود تھے، جو ہندوستان کے زیرِ قبضہ کشمیر جاکر ہندوستانی فوج سے فیصلہ کن جنگ کرنے کے لیے تیار تھے؟ کیا اِسکی وجہ یہی نہیں تھی کہ پاکستانی فوج اور ایجنسی اپنے مفادات کیلئے انکو ہندوستان کے ساتھ پراکسی وار میں استعمال کر رہی تھی؟ اور پاکستانی فوج قطعاً یہ نہیں چاہتی تھی کہ یہ تنظیمیں کشمیر پر کوئی فیصلہ کن حملہ کریں جس کے نتیجے میں ہندوستانی فوج، پاکستانی فوج کے خلاف بڑی جنگ چھیڑ سکتی تھی، جس کے نتائج پاکستان کے لیے خطرناک ہوسکتے تھے۔

آخر کیا وجہ ہے کہ اِن تنظیموں کو اسلام اور جہاد کے نعرے بلند کرنے کے باوجود، پاکستانی فوج اور ایجنسی اِنہیں عسکری تربیتی مراکز چلانے کی اجازت دیتی تھی، اِنکو اپنا نظام چلانے کے لیے ماہانہ خرچہ دیتی تھی، اِنہیں دفاتر کھولنے اور چلانے کی مکمل اجازت تھی اور پاکستان کے اندر اِنہیں گھومنے کی مکمل آزادی اب بھی حاصل ہے، جبکہ اِس کے برعکس شریعت کے نفاذ اور اللہ کے کلمے کی سربلندی کے لیے جہاد کرنے والے موحدین کو یہ سب کچھ کرنا



مرتد تنظیمیں طواغیت کے مفادات کے لیے سرگرم ہیں

تو دور، یہ دعوت پھیلانے کی بھی اجازت نہیں، اُنہیں گرفتار کر کے اذیتیں دی جاتی ہیں، صلیبی اُن سے تفتیش کرتے ہیں اور وہ سالہا سال جیلوں میں گزارنے کے بعد شہید کر دیے جاتے ہیں۔ یہ ہو ہی نہیں سکتا کہ اِن دونوں کا عقیدہ اور منہج ایک ہو اور یہ ہو ہی نہیں سکتا کہ یہ دونوں اسلام اور جہاد کے دعووں میں سچے ہوں بلکہ اِن میں سے ایک اپنے دعوے میں جھوٹا اور ایک سچا ہے۔ اس کے علاوہ یہ تنظیمیں عقیدے، اخلاقیات اور مالی طور پر بے شمار خرابیوں کا شکار ہیں۔

اِن باطل جماعتوں نے لوگوں کو طاغوتی پارلیمنٹ اور شرکیہ دستور کو اختیار کرنے اور پاکستانی ریاست کے دفاع اور استحکام کیلئے ابھارا، حالانکہ یہ جانتے تھے کہ کتاب وسنت میں انکو طاغوت سے کفر اور اس سے اور اس کے انصار سے براءت کرنے کا حکم دیا گیا ہے۔ اِنہوں نے ولاء وبراء (دوستی و دشمنی) کے عقیدے کو پس پشت ڈال دیا اور طواغیت، اُنکی فوج، انٹیلی جنس اور پولیس کے ایجنٹ بن کر موحّد مجاہدین کے خلاف اُن سے تعاون شروع کر دیا۔ یہ مجاہدین کے رازوں کی کھوج میں لگ گئے، اُنکی جاسوسیاں کیں اور

اُنہیں مرتد پاکستانی ایجنسی کے ہاتھوں گرفتار کروایا جبکہ پاکستانی ریاست کے کفریہ افعال پر یہ گونگے شیطان بن گئے بلکہ پاکستانی حکومت کی پرجوش حمایت اور مدد کرنے لگے۔

اِن تنظیموں کے قائدین، عام لوگوں سے اسلام اور جہاد کے نام پر چندہ اکٹھا کر کے بڑی بڑی گاڑیوں، دفتروں اور پرتعیش گھروں میں رہنے لگے جبکہ بعض نے کھلی کھلی خیانت کرتے ہوئے اِن پیسوں سے اپنے بینک اکاونٹوں کو بھر لیا۔ عام نوجوانوں کو انہوں نے ہندوستان کے زیر قبضہ کشمیر میں جنگ کے لیے بھیجا لیکن خود اِن جماعتوں کے قائدین یا اُن کی اولادیں باطل طریقے سے جمع کیے گئے اموال پر عیش کرتے رہے اور خود کبھی بھی اِس جنگ میں شرکت کے لیے نہیں گئے۔ اِس کے علاوہ مال و دولت کی فراوانی سے اِن تنظیموں کے قائدین بہت سی اخلاقی خرابیوں میں بھی مبتلا ہو گئے۔

تو پھر نجات کا کیا راستہ ہے؟

بلاشبہ اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے لوگوں کو اپنی عبادت کے لیے پیدا کیا اور وہی ہے جو اپنے بندوں کی نصرت اور مدد کرتا ہے اگر وہ توحید کو مضبوطی سے پکڑ لیں، یعنی اکیلے اللہ کی عبادت کریں اور اُسکے سوا تمام باطل معبودوں کا انکار اور کفر کریں، اور یہی دنیا اور آخرت میں کامیابی کا راستہ ہے، اللہ تعالیٰ نے فرمایا: فَمَن يَكْفُرْ بِالطَّاغُوتِ وَيُؤْمِن بِاللَّهِ فَقَدِ اسْتَمْسَكَ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقَىٰ لَا انفِصَامَ لَهَا ۗ وَاللَّهُ سَمِيعٌ عَلِيمٌ (البقرة:256) (پس جو کوئی طاغوت کا انکار کر دے گا، اور اللہ پر ایمان لے آئے گا، اس نے درحقیقت ایک ایسے مضبوط کڑے کو پوری قوت کے ساتھ تھام لیا، جو کبھی نہیں ٹوٹے گا، اور اللہ بڑا ہی سننے والا اور جاننے والا ہے) اور فرمایا: فَاعْلَمْ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ (محمد:19) (پس جان لو کہ سوائے اللہ کے کوئی معبود نہیں) اور فرمایا: رَّبُّ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا فَاعْبُدْهُ وَاصْطَبِرْ لِعِبَادَتِهِ ۚ هَلْ تَعْلَمُ لَهُ سَمِيًّا (مریم:65) (آسمانوں اور زمین کا رب ہے اور جو چیز اِن کے درمیان ہے سو اُسی کی عبادت کرو اور اُسی کی بندگی پر ثابت قدم رہو، کیا تیرے علم میں کوئی دوسرا بھی اس کا ہم نام ہے؟)

"لا إله إلا الله محمّد رسول الله" کے کلمے کا معنی

پس سمجھ لو کہ "لا اله الا الله محمّد رسول الله" کے کلمے کے دو حصے ہیں۔

پہلے حصے "لا اله الا الله" میں تمام معبوداتِ باطلہ اور طواغیت کی عبادت کی نفی ہے اور صرف اللہ کے معبود برحق ہونے اور عبادت کو اللہ کے لیے خالص کرنے کا اقرار ہے۔ اور طاغوت کیا ہے؟ ابن قیم رحمہ اللہ نے طاغوت کے بارے میں فرمایا: طاغوت ہر اس باطل معبود، مطاع یا متبوع کو کہتے ہیں جس کی وجہ سے بندہ اپنی حد سے نکل جائے، پس ہر قوم کا طاغوت وہ ہے جسکی طرف وہ اللہ اور اسکے رسول ﷺ کے علاوہ تحاکم / فیصلے کے لیے جائیں، یا وہ ہے جسکی وہ قوم اللہ کے علاوہ عبادت کرتی ہو یا وہ جسکی اتباع اللہ کی جانب سے کسی بصیرت (دلیل) کے بغیر کی جائے، یا وہ جنکی اطاعت اُن امور میں کی جاتی ہے جن کے بارے میں لوگوں کو یہ معلوم نہیں کہ یہ اصل میں اللہ کی اطاعت کے امور ہیں (اعلام الموقّعين)۔

طاغوت کا کفر اور اُس سے براءت کے بارے میں شیخ محمد بن عبد الوھاب رحمہ اللہ فرماتے ہیں: کفر بالطاغوت کی حقیقت یہ ہے کہ غیر اللہ کی عبادت کے باطل ہونے کا عقیدہ رکھا جائے، غیر اللہ کی عبادت کو ترک کیا جائے، اُن سے بغض رکھا جائے، غیر اللہ کی عبادت کرنے والوں کی تکفیر کی جائے اور اُن سے دشمنی کی جائے۔

اللہ پر ایمان کا یہ معنی ہے کہ یہ عقیدہ رکھا جائے کہ اکیلا اللہ ہی اِلٰہ اور معبود ہے، اُسکے سوا کوئی بھی معبودِ حقیقی موجود نہیں اور عبادت کی تمام اقسام کو اللہ کے لیے خالص کر لیا جائے، غیر اللہ سے عبادت کی تمام انواع کی نفی کی جائے اور اہلِ اخلاص (اللہ کی خالص عبادت کرنے والوں) سے محبت کا تعلق رکھا جائے، اُنکی حمایت و نصرت کی جائے اور اہل شرک سے بغض و

کشمیر کے نام پر لڑنے والی تنظیمیں جمہوریت اور وطنیت کے شرک میں لتھڑی ہوئی ہیں



دشمنی رکھی جائے۔(رسالة فی الطاغوت)

اسی طرح شیخ محمد بن عبد الوہاب رحمہ اللہ نے ایک اور جگہ فرمایا: کفر بالطاغوت کا معنی یہ ہے کہ تو غیر اللہ میں سے جن کی عبادت کی جاتی ہے اُن سے براءت کر، چاہے وہ جن ہوں یا انسان یا پتھر، درخت، وغیرہ کچھ بھی ہوں، اُن کی گمراہی اور کفر کی گواہی دے، اُن سے بغض و نفرت رکھ چاہے وہ تیرے باپ اور بھائی ہی کیوں نہ ہوں، اور جو یہ کہے کہ: میں اللہ کے سوا کسی کی عبادت نہیں کرتا، لیکن میں قبروں پر بنی عمارتوں اور اِن میں بیٹھے پیشواؤں (اور گدّی نشینوں) اور اسی طرح کے دیگر امور کی مخالفت نہیں کرتا تو یہ شخص لا الہ الا اللہ کے قول میں جھوٹا ہے، اور یہ شخص اللہ پر ایمان نہیں لایا اور اِس نے طاغوت کا کفر نہیں کیا)(مجموعة الرسائل والمسائل النجدية:4 / 33)اور کہا: بلکہ اللہ کے سوا پوجے جانے والے باطل معبودوں اور طواغیت سے براءت کیے بغیر اور اُنکی تکفیر کیے بغیر کسی کا اسلام صحیح نہیں ہو سکتا(الدرر السنية:10/53)

جان لو، اللہ تم پر رحم کرے، کہ یہی تمام انبیاء اور رسولوں علیہم السلام کی دعوت رہی ہے جیسا کہ اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے فرمایا: وَلَقَدْولَقَدْ بَعَثْنَا فِي كُلِّ أُمَّةٍ رَّسُولًا أَنِ اعْبُدُوا اللَّهَ وَاجْتَنِبُوا الطَّاغُوتَ ۖ فَمِنْهُم مَّنْ هَدَى اللَّهُ وَمِنْهُم مَّنْ حَقَّتْ عَلَيْهِ الضَّلَالَةُ ۚ فَسِيرُوا فِي الْأَرْضِ فَانظُرُوا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُكَذِّبِينَ (النحل:36)(اور ہم نے ہر امت میں ایک رسول اس دعوت کے ساتھ بھیجا کہ اللہ ہی کی بندگی کرو اور طاغوت سے بچو تو ان میں سے کچھ کو اللہ نے ہدایت بخشی اور ان میں ایسے بھی ہوئے جن پر ضلالت مسلط ہو کے رہی تو ملک میں چلو پھرو اور دیکھو کہ کیا ہوا جھٹلانے والوں کا انجام)

پس اپنی تمام عبادات، جہاد و قتال، جینا، مرنا اور سب کچھ اللہ کے لیے خالص کر لو، اللہ تعالیٰ نے فرمایا: قُلْ إِنَّ صَلَاتِي وَنُسُكِي وَمَحْيَايَ وَمَمَاتِي لِلَّهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ (الانعام:162)(کہہ دو میری نماز اور میری قربانی، میری زندگی اور میری موت اللہ رب العالمین کے لیے ہے)، جان لو کہ اللہ غیرت والا ہے اور اُسکا کوئی شریک نہیں، پس جس عمل میں اللہ کے ساتھ کسی کو شریک کیا گیا یا اُس عمل سے غیر اللہ کی رضا چاہی گئی تو یہ عمل ہر گز قبول نہیں کیا جائے گا اور یہ عمل کرنے والا خسارے میں رہے گا۔

کلمے کے دوسرے حصے "محمّد رسول الله" کا معنی: یہ ہے کہ یہ گواہی کہ محمد ﷺ اللہ کے رسول ہیں یہ تقاضا کرتی ہے کہ حکم اور نہی کے تمام امور میں اُنکی اتّباع کی جائے، اُنکی سنت کے پیچھے پیچھے چلا جائے، کتاب و سنّت سے ہی فیصلے کروائے جائیں، اُنکی عزت و توقیر کی جائے، ہر انسان اور ہر چیز سے بڑھ کر اُن سے محبت کی جائے اور اُن کی عزت کا دفاع کیا جائے۔

شیخ عبد الرحمن بن حسن رحمہ اللہ نے کتاب التوحید کی شرح میں فرمایا: (وأن محمداً عبده ورسوله) یعنی یہ گواہی کہ بلاشبہ محمد ﷺ اللہ کے بندے اور اُسکے رسول ہیں، یعنی صدق و سچائی اور یقین کے ساتھ گواہی، اور ایسی گواہی تقاضا کرتی ہے کہ اُنکی اتّباع کی جائے، اُنکا کسی چیز کا امر کرنے یا کسی چیز سے روکنے کے حکم کی تعظیم کی جائے، اُنکی سنّت پر چلنا لازم کر لیا جائے، کسی اور کے قول سے اُنکی مخالفت نہ کی جائے، کیونکہ نبی ﷺ کے علاوہ ہر ایک سے خطاء ہو سکتی ہے جبکہ نبی ﷺ کو اللہ نے خطاء سے بچا لیا ہے اور اُنکی اطاعت کرنے اور اُنکا اسوہ اختیار کرنے کا حکم دیا ہے اور اُنکی اطاعت ترک کرنے پر وعید سنائی ہے، جیسا کہ اللہ تبارک و تعالیٰ نے فرمایا: {وَمَا كَانَ لِمُؤْمِنٍ وَلَا مُؤْمِنَةٍ إِذَا قَضَى اللَّهُ وَرَسُولُهُ أَمْرًا أَن يَكُونَ لَهُمُ الْخِيَرَةُ مِنْ أَمْرِهِمْ }[الأحزاب/36](کسی مومن مرد اور کسی مومن عورت کو یہ حق نہیں ہے کہ جب اللہ اور اس کا رسول کسی معاملے میں فیصلہ کر دیں تو پھر اسے اس معاملے میں فیصلہ کرنے کا اختیار حاصل رہے) اور فرمایا: {فَلْيَحْذَرِ الَّذِينَ يُخَالِفُونَ عَنْ أَمْرِهِ أَن تُصِيبَهُمْ فِتْنَةٌ أَوْ يُصِيبَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ }[النور/63](لہٰذا جو لوگ رسول کے حکم کی مخالفت کرتے ہیں انہیں اس بات سے ڈرنا چاہئے کہ وہ کسی مصیبت میں گرفتار نہ ہو جائیں یا انہیں کوئی دردناک عذاب پہنچ جائے)، امام احمد رحمہ اللہ نے فرمایا: کیا تم جانتے ہو کہ فتنہ کیا ہے؟ فتنہ شرک ہے کہ اگر کوئی اُنکے (نبی ﷺ) کے بعض اقوال کو ردّ کر دے تو اُسکے دل میں ٹیڑھ پیدا ہو جائے اور وہ ہلاک ہو جائے (قرة عيون الموحدين، ص26)

ولاء و براء (دوستی و دشمنی کا عقیدہ)

ولاء و براء (دوستی اور دشمنی) کا عقیدہ دینِ اسلام کے عظیم اصولوں اور راسخ ترین بنیادوں میں سے ایک ہے اور کسی شخص کی توحید اُس وقت تک حقیقت نہیں بنتی جب تک وہ اللہ کے لیے دوستی، اللہ کے لیے دشمنی، اللہ کے لیے محبّت اور اللہ کے لیے بغض نہ رکھے، پس موحّد اور مومن اہلِ اسلام سے دوستی رکھتا ہے اور اُنکی نصرت کرتا ہے اور اہلِ شرک سے دشمنی کرتا ہے، اُن سے بغض رکھتا ہے، اُن کے خلاف جہاد کرتا ہے اور اُن سے براءت کرتا ہے۔

کتاب و سنّت میں توحید کے وجوب اور شرک کے ردّ کے بعد، ولاء و براء کے عقیدے پر دلائل سب سے واضح اور سب سے زیادہ ہیں۔ اِسی طرح نبی ﷺ کی سنت اور صحابہ رضی اللہ عنہم کے آثار اس عقیدے کے تذکرے سے بھرے پڑے ہیں۔

لیکن اِس دور کے طواغیت کی یہ کوشش رہی ہے کہ ہر ممکن طریقے سے اِس عقیدے کے خلاف جنگ برپا کی جائے، پس اُنہوں نے مسلمان، کافر

اور تمام بنی نوع انسان کے درمیان پر امن بقائے باہمی کے نظریے کو رواج دیا اور وطنیت و قومیت کی بدعت گھڑی جس کے تحت دوستی، محبت اور نصرت کا حق صرف ہم وطن اور ہم قوم کا ہے، چاہے وہ بڑے سے بڑا کافر ہی کیوں نہ ہو۔اِسی طرح اُنہوں نے حربی کافر اصلی کو اہل عہد اور اہل ذمّہ کہ کر اُنکے احترام کو فروغ دیا جبکہ مرتدین کے احترام کے لیے دین اور عقیدے کی آزادی کے باطل نظریے کا استعمال کیا۔اِس کے برعکس طواغیت نے موحدین کو ہر قسم کی تکلیف پہنچائی، حتی کہ یہ وقت آن پہنچا کہ طواغیت کے زیرِ تسلّط علاقوں میں موحدین کو یا تو قتل کر دیا گیا، یا قید کر لیا گیا یا وہ دربدری کا شکار ہیں۔اِن طواغیت نے علماء سوء کو استعمال کرتے ہوئے دین کے مفاہیم کو خلط ملط کر دیا اور لوگوں کا حال یہ ہو گیا کہ وہ اسلام سے انتساب تو رکھتے ہیں لیکن اِسکے بنیادی اصول تک نہیں جانتے!

نبی ﷺ، ولاء و براء کے عظیم عقیدے پر صحابہ رضی اللہ عنہم سے بیعت لیا کرتے تھے۔جریر بن عبد اللہ البجلی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ وہ نبی ﷺ کے پاس گئے تو آپ لوگوں سے بیعت لے رہے تھے۔آپ نے عرض کی: اے اللہ کے رسول ﷺ! اپنا ہاتھ بڑھایئے تا کہ میں آپ کی بیعت کروں۔اور شرطیں آپ خود بتا دیجیے کیونکہ آپ زیادہ جانتے ہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: میں تجھ سے بیعت لیتا ہوں کہ تو اللہ وحدہ کی عبادت کرے گا، نماز قائم کرے گا، زکاۃ ادا کرے گا، ہر مسلمان کی خیر خواہی کرے گا اور مشرکین سے جدا رہے گا (رواہ احمد والنسائی)

امام ابن تیمیہ رحمہ اللہ نے فرمایا: (اَلوَلَايَةُ) یعنی دوستی (العَدَاوَة) یعنی دشمنی کا متضاد ہے۔الوَلَايَةُ کا اصل معنی محبت اور قربت ہے۔اس کے برعکس العداوۃ کا اصل معنی نفرت اور دوری ہے۔الوَلِيُّ کا معنی القریب یعنی قریبی ہے۔عربی زبان میں کہا جاتا ہے کہ هٰذَا يَلِي هٰذَا اس عبارت کا مطلب ہے کہ یہ چیز اس چیز کے بالکل قریب ہے۔اللہ تعالیٰ نے فرمایا: { مُّحَمَّدٌ رَّسُولُ اللَّهِ ۚ وَالَّذِينَ مَعَهُ أَشِدَّاءُ عَلَى الْكُفَّارِ رُحَمَاءُ بَيْنَهُمْ } (الفتح:29)(محمد اللہ کے رسول ہیں اور جو لوگ آپ کے ساتھ ہیں کفار پر سخت ہیں آپس میں رحم دل ہیں) اور فرمایا: {قَدْ كَانَتْ لَكُمْ أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ فِي إِبْرَاهِيمَ وَالَّذِينَ مَعَهُ إِذْ قَالُوا لِقَوْمِهِمْ إِنَّا بُرَآءُ مِنكُمْ وَمِمَّا تَعْبُدُونَ مِن دُونِ اللَّهِ كَفَرْنَا بِكُمْ وَبَدَا بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمُ الْعَدَاوَةُ وَالْبَغْضَاءُ أَبَدًا حَتَّىٰ تُؤْمِنُوا بِاللَّهِ وَحْدَهُ } (الممتحنة:4)(بیشک تمہارے لیے ابراہیم میں اچھا نمونہ ہے اور ان لوگوں میں جو اس کے ہمراہ تھے جبکہ ان لوگوں نے اپنی قوم والوں سے کہہ دیا کہ ہم تم سے اور جن کی تم اللہ کے سوا عبادت کرتے ہو، ان سب سے بیزار ہیں، ہم تمہارے منکر ہیں اور ہمارے اور تمہارے درمیان ہمیشہ کے لئے عداوت اور بغض ظاہر ہو گیا جب تک کہ تم اللہ واحد پر ایمان نہ لے آؤ)۔ نیز نبی ﷺ نے فرمایا: جس نے اللہ کے لیے محبت کی اور اللہ کے لیے دشمنی کی، اللہ کے لیے دیا اور اللہ کے لیے نہ دیا تحقیق اس کا ایمان مکمل ہو گیا (ابو داؤد، حاکم) ،اسی طرح نبی ﷺ نے فرمایا: ایمان کا مضبوط ترین کڑا یہ ہے کہ اللہ کے لیے دوستی ہو، اللہ کے لیے دشمنی ہو، اللہ کے لیے محبت ہو اور اللہ کے لیے بغض ہو (طبرانی)۔

شیخ عبد اللطیف بن شیخ حسن رحمہ اللہ فرماتے ہیں: مومن سے ولاء کی علامت یہ ہے کہ اُن سے اُن کے مؤمن ہونے کی وجہ سے محبت کی جائے، اُن کی نصرت کی جائے، اُن کے ساتھ خیر خواہانہ رویہ رکھا جائے، اُن کے لئے دُعائیں کی جائیں، ملاقات پر اُنہیں سلام کہا جائے، بیمار ہوں تو عیادت کی جائے، فوت ہونے پر جنازہ میں شرکت کی جائے، بوقت ضرورت اعانت کی جائے اور شفقت و محبت کا برتاؤ کیا جائے وغیرہ۔۔۔

جبکہ کفار سے براءت کی علامات یہ ہیں کے ان کے ناپاک و نجس دین کی وجہ سے اُن سے بغض رکھا جائے، اُن سے علیحدگی اختیار کی جائے، اُن کی طرف کسی قسم کا قلبی جھکاؤ اور میلان نہ ہو، نہ ہی اُن کے کسی کارنامے پر خوش ہو جائے، اُن سے کسی بھی قسم کی تشبیہ اختیار کرنے سے یکسر گریز کیا جائے

اہل کشمیر سے دھوکا کرنے والے مرتد راہنماؤں کے نزدیک اسلام کی ذرا بھی اہمیت نہیں





بلکہ شریعت نے جن چیزوں میں انکی مخالفت اختیار کرنے کی تلقین کی ہے ان میں پوری شد و مد کے ساتھ اُن کی مخالفت کی جائے، اُن سے مال، زبان اور تلوار کے ساتھ جہاد کیا جائے، اسی طرح دیگر بہت سے ایسے اُمور ہیں جو اُن کے ساتھ اظہار عداوت کے کا تقاضا کرتے ہیں۔۔۔ (الدرر السنية)

اور شیخ محمد بن عبد الوھاب رحمہ اللہ نے کلمہ توحید پڑھنے لیکن درحقیقت کلمے کی مخالفت کرنے والوں کی اقسام کے بارے میں فرمایا: بعض لوگ اکیلے اللہ کی عبادت کرتے ہیں لیکن شرک کا انکار نہیں کرتے، نہ ہی اہلِ شرک سے دشمنی کرتے ہیں، اور بعض اُن سے دشمنی کرتے ہیں لیکن اُنکی تکفیر نہیں کرتے۔۔۔ اور بعض — اور یہ سب سے زیادہ خطرے میں ہیں — توحید پر تو عمل کرتے ہیں لیکن اُسکی قدر نہیں جانتے، نہ ہی توحید کو ترک کرنے والے سے نفرت و بغض رکھتے ہیں، نہ ہی اُسکی تکفیر کرتے ہیں، اور بعض شرک کو ترک کرتے ہیں اور اس سے کراہت کرتے ہیں، لیکن اِسکی خطرناکی کو نہیں جانتے، اور اہلِ شرک سے دشمنی نہیں کرتے، نہ ہی اُنکی تکفیر کرتے ہیں؛ تو یہ سب انبیاء علیہم السلام کی لائی ہوئی تعلیمات اور اللہ سبحانہ وتعالیٰ کے دین کی مخالفت کر رہے ہیں، واللہ اعلم) (الدرر السنية 2/22)

پس اے کشمیر میں اہلِ توحید! جمہوریت اور اِس کے رواج دینے والے پاکستانی، ہندوستانی اور تمام طواغیت سے براءت کرو جو جمہورت کی نشر و اشاعت کرتے ہیں اور اِسے بزور قوت نافذ کرتے ہیں۔ اپنے اعمال اور اپنی تمام کوششوں کو اللہ کے لیے خالص کرلو اور اپنے ہر عمل میں رسول اللہ ﷺ کی اقتدا کرو۔

جماعت اور خلافت کی اہمیت

اللہ تعالیٰ نے فرمایا: {وَاعْتَصِمُوا بِحَبْلِ اللَّهِ جَمِيعًا وَلَا تَفَرَّقُوا ۚ وَاذْكُرُوا نِعْمَتَ اللَّهِ عَلَيْكُمْ إِذْ كُنتُمْ أَعْدَاءً فَأَلَّفَ بَيْنَ قُلُوبِكُمْ فَأَصْبَحْتُم بِنِعْمَتِهِ إِخْوَانًا وَكُنتُمْ عَلَىٰ شَفَا حُفْرَةٍ مِّنَ النَّارِ فَأَنقَذَكُم مِّنْهَا ۗ كَذَٰلِكَ يُبَيِّنُ اللَّهُ لَكُمْ آيَاتِهِ لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُونَ (*) وَلْتَكُن مِّنكُمْ أُمَّةٌ يَدْعُونَ إِلَى الْخَيْرِ وَيَأْمُرُونَ بِالْمَعْرُوفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنكَرِ ۚ وَأُولَٰئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ (*) وَلَا تَكُونُوا كَالَّذِينَ تَفَرَّقُوا وَاخْتَلَفُوا مِن بَعْدِ مَا جَاءَهُمُ الْبَيِّنَاتُ ۚ وَأُولَٰئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ عَظِيمٌ} (آل عمران:103تا105) (اور سب مل کر اللہ کی رسی کو مضبوطی سے پکڑلو اور جدا جدا نہ ہو جاؤ اور اپنے اوپر اللہ کی نعمت یاد کرو، جب تم دشمن تھے تو اس نے تمہارے دلوں کے درمیان الفت ڈال دی تو تم اس کی نعمت سے بھائی بھائی بن گئے اور تم آگ کے ایک گڑھے کے کنارے پر تھے تو اس نے تمہیں اس سے بچالیا۔ اس طرح اللہ تمہارے لیے اپنی آیات کھول کر بیان کرتا ہے، تا کہ تم ہدایت پاؤ۔ اور لازم ہے کہ تم میں ایک ایسی جماعت ہو جو نیکی کی طرف دعوت دیں اور اچھے کام کا حکم دیں اور برائی سے منع کریں اور یہی لوگ فلاح پانے والے ہیں۔ اور ان لوگوں کی طرح نہ ہو جاؤ جو الگ الگ ہو گئے اور ایک دوسرے کے خلاف ہو گئے، اس کے بعد کہ ان کے پاس واضح احکام آچکے اور یہی لوگ ہیں جن کے لیے بہت بڑا عذاب ہے)۔



کشمیر کے مرتد سیاسی راہنما خود قید ہیں تو کشمیر کو کیسے آزاد کروائیں گے؟

حذیفہ بن الیمان رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ انہوں نے بیان کیا کہ لوگ رسول اللہ ﷺ سے خیر کے بارے میں پوچھا کرتے تھے لیکن میں شر کے بارے میں پوچھتا تھا۔ اس خوف سے کہ کہیں میری زندگی میں ہی شر نہ پیدا ہو جائے۔ میں نے پوچھا یا رسول اللہ! ہم جاہلیت اور شر کے دور میں تھے پھر اللہ تعالیٰ نے ہمیں اس خیر سے نوازا تو کیا اس خیر کے بعد پھر شر کا زمانہ ہو گا؟ نبی ﷺ نے فرمایا کہ ہاں۔ میں نے پوچھا کیا اس شر کے بعد خیر کا زمانہ آئے گا؟ نبی ﷺ نے فرمایا کہ ہاں لیکن اس خیر میں کمزوری ہو گی۔ میں نے پوچھا کہ کمزوری کیا ہو گی؟ فرمایا کہ کچھ لوگ ہوں گے جو میرے طریقے کے خلاف چلیں گے، ان کی بعض باتیں اچھی ہوں گی لیکن بعض میں تم برائی دیکھو گے۔ میں نے پوچھا کیا پھر دور خیر کے بعد شر کا دور آئے گا؟ فرمایا کہ

ہاں جہنم کی طرف سے بلانے والے دوزخ کے دروازوں پر کھڑے ہوں گے‘ جو ان کی بات مان لے گا وہ اس میں انہیں جھٹک دیں گے۔ میں نے کہا یارسول اللہ! ان کی کچھ صفت بیان کیجئے۔ فرمایا کہ وہ ہمارے ہی جیسے ہوں گے اور ہماری ہی زبان عربی بولیں گے۔ میں نے پوچھا پھر اگر میں نے وہ زمانہ پایا تو آپ مجھے ان کے بارے میں کیا حکم دیتے ہیں؟ فرمایا کہ مسلمانوں کی جماعت اور ان کے امام کے ساتھ رہنا۔ میں نے کہا کہ اگر مسلمانوں کی جماعت نہ ہو اور نہ ان کا کوئی امام ہو؟ فرمایا کہ پھر ان تمام لوگوں سے الگ ہو جاؤ خواہ تمہیں جنگل میں جا کر درختوں کی جڑیں چبانی پڑیں یہاں تک کہ اسی حالت میں تمہاری موت آجائے) (متفق علیہ)۔ خلیفہ کی بیعت اور جماعت کے ساتھ رہنا یہ اتنا بڑا امر ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے اس کی بار بار تاکید کی اور قرآن وسنت میں اس کا بار بار ذکر کیا گیا، چنانچہ آپ ﷺ نے فرمایا: تم لوگ جماعت کو لازم پکڑو اور گروہ بندی سے بچو (رواہ احمد) اور فرمایا: میں تمہیں پانچ چیزوں کا حکم دیتا ہوں جن کا حکم اللہ نے مجھے حکم دیا ہے (۱) جماعت کا (۲) امیر کی بات سننے کا (۳) بات ماننے کا (۴) ہجرت کا (۵) اور جہاد فی سبیل اللہ کا، کیونکہ جو شخص بھی ایک بالشت کے برابر جماعت المسلمین سے خروج کرتا ہے، وہ اپنی گردن سے اسلام کا قلادہ اتار پھینکتا ہے، الا یہ کہ واپس جماعت کی طرف لوٹ آئے اور جو شخص زمانہ جاہلیت کے نعرے لگاتا ہے، وہ جہنم کا ایندھن ہے، صحابہ رضی اللہ عنہم نے پوچھا یارسول اللہ ﷺ! اگرچہ وہ نماز پڑھتا اور روزہ رکھتا ہو؟ نبی ﷺ نے فرمایا اگرچہ وہ نماز پڑھتا اور روزہ رکھتا ہو اور اپنے آپ کو مسلمان سمجھتا ہو، سو تم مسلمانوں کو ان ناموں سے پکارو جن ناموں سے اللہ نے اپنے مسلمان بندوں کو پکارا ہے (رواہ احمد)

سوائے کشمیر میں اہل اسلام! جان لو کہ یہ احکام خلیفہ اور خلافت کے متعلق ہیں، سو اللہ نے دولتِ اسلامیہ پر اپنا انعام اور فضل فرماتے ہوئے زمین میں تمکین دی اور اِسکے شہسواروں کو یہ توفیق دی کہ وہ خلافت کا قیام کرسکیں، پس انہوں نے امت کا معاملہ آلِ رسول ﷺ میں سے شیخ ابو بکر البغدادی حفظہ اللہ کے حوالے کیا جنہوں نے نبی ﷺ، صحابہ رضی اللہ عنہم اور بہترین طریقے پر اُنکی پیروی کرنے والوں کے نقشِ قدم پر چلتے ہوئے مسلمانوں کو متحد کیا، شریعت کا نفاذ کیا، کافروں، مشرکوں اور مرتدین کے خلاف جہاد کیا، مسلمانوں کو دوبارہ شرف اور عزت سے روشناس کرایا کہ جیتے ہیں تو عزت سے اور انکی موت اللہ کی راہ میں ہوتی ہے۔ پس اٹھو اور امیر المومنین کی بیعت کرو، اپنی صفوں کو دوبارہ ترتیب دو اور خلافت کے جھنڈے تلے دوبارہ قتال کا آغاز کرو۔ جان لو کہ خلافت کے قیام کے ساتھ ہی دنیا میں تمام جماعتوں اور تمام تنظیموں کی حیثیت باطل ہوگئی ہے کیونکہ مسلمانوں کا ایک امام، ایک ریاست اور ایک جھنڈا ہوتا ہے، پس اِن تمام جماعتوں اور تنظیموں میں شمولیت اور انکی اطاعت صریح گمراہی ہے اور دنیا اور آخرت میں خسارے کا سودا ہے۔

دنیا اور آخرت میں سعادت و کامیابی کا عملی راستہ: جہاد و قتال

اے موحدو جان لو کہ اگر اللہ تمہاری مدد کرے تو تم پر کوئی غالب نہیں آسکتا، اور اگر وہ تمہیں چھوڑ دے تو کوئی تمہاری مدد کرنے والا نہیں، کیا تمہارے خالق، مالک، رازق، مولیٰ اور مددگار کا یہ فرمان تمہارے لیے کافی نہیں: إِن يَنصُرْكُمُ اللَّهُ فَلَا غَالِبَ لَكُمْ ۖ وَإِن يَخْذُلْكُمْ فَمَن ذَا الَّذِي يَنصُرُكُم مِّن بَعْدِهِ ۗ وَعَلَى اللَّهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُونَ (آل عمران:160) (اگر اللہ تمہاری مدد کرے تو کوئی تم پر غالب آنے والا نہیں اور اگر وہ تمہارا ساتھ چھوڑ دے تو کون ہے جو اس کے بعد تمہاری مدد کرے گا۔ لہذا مومنوں کو اللہ ہی پر بھروسہ کرنا چاہیے)، پس جو اللہ پر ایمان رکھتا ہے اسے اللہ پر ہی بھروسہ اور توکل رکھنا چاہیے اور اسی سے تمام امیدیں رکھنی چاہیں اور اللہ کے سوا کسی سے خوف نہیں کھانا چاہیے۔ نہ پاکستان، نہ ہندوستان، نہ جمہوری، نہ سوشلسٹ، نہ سیکولر، نہ لبرل، کوئی بھی دنیا اور آخرت میں تمہاری دستگیری اور مدد نہیں کرسکتا سوائے اللہ کے۔ سن لو اور جان لو کہ اللہ کی مدد کیسے حاصل ہوتی ہے، اللہ تعالیٰ نے فرمایا: وَلَيَنصُرَنَّ اللَّهُ مَن يَنصُرُهُ ۗ إِنَّ اللَّهَ لَقَوِيٌّ عَزِيزٌ (الحج:40) (اور یقیناً اللہ ضرور اس کی مدد کرے گا جو اس کی مدد کرے گا، بیشک اللہ یقیناً بہت قوت والا، سب پر غالب ہے) اور اللہ کی مدد کا معنی کیا ہے، اس بارے میں اللہ تبارک وتعالیٰ نے فرمایا: لَقَدْ أَرْسَلْنَا رُسُلَنَا بِالْبَيِّنَاتِ وَأَنزَلْنَا مَعَهُمُ الْكِتَابَ وَالْمِيزَانَ لِيَقُومَ النَّاسُ بِالْقِسْطِ ۖ وَأَنزَلْنَا الْحَدِيدَ فِيهِ بَأْسٌ شَدِيدٌ وَمَنَافِعُ لِلنَّاسِ وَلِيَعْلَمَ اللَّهُ مَن يَنصُرُهُ وَرُسُلَهُ بِالْغَيْبِ ۚ إِنَّ اللَّهَ قَوِيٌّ عَزِيزٌ (الحدید:25) (بلاشبہ یقیناً ہم نے اپنے رسولوں کو واضح دلیلوں کے ساتھ بھیجا اور ان کے ساتھ کتاب اور ترازو کو نازل کیا، تاکہ لوگ انصاف پر قائم رہیں، اور ہم نے لوہا اتارا جس میں سخت لڑائی (کا سامان) ہے اور لوگوں کے لیے بہت سے فائدے ہیں اور تاکہ اللہ جان لے کہ کون دیکھے بغیر اس کی اور اس کے رسولوں کی مدد کرتا ہے۔ یقیناً اللہ بڑی قوت والا، سب پر غالب ہے)۔ اور فرمایا: اَلَّذِيْنَ اِنْ مَّكَّنّٰهُمْ فِي الْاَرْضِ اَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتَوُا الزَّكٰوةَ وَاَمَرُوْا بِالْمَعْرُوْفِ وَنَهَوْا عَنِ الْمُنْكَرِ ۭ وَلِلّٰهِ عَاقِبَةُ الْاُمُوْرِ (الحج:41) وہ لوگ کہ اگر ہم انہیں زمین میں اقتدار بخشیں تو وہ نماز قائم کریں گے اور زکوٰۃ دیں گے اور اچھے کام کا حکم دیں گے اور برے کام سے روکیں گے، اور تمام کاموں کا انجام اللہ ہی کے قبضہ میں

ہے)۔پس یقین رکھو اور اچھی طرح جان لو کہ اللہ کی مدد انہی کو حاصل ہوتی ہے جو اللہ کے رسول صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم اور انکے لائے ہوئے دین کی مدد کرتے ہیں، جو اللہ کی راہ میں جہاد و قتال کرتے ہیں۔ یہی وہ لوگ ہیں جن پر اللہ انعام فرما کر اُنہیں زمین میں غلبہ اور تمکین دیتا ہے اور پھر وہ نماز قائم کرتے ہیں، زکوۃ دیتے ہیں، نیکی کا حکم دیتے ہیں اور منکر سے روکتے ہیں اور جان لو کہ سب سے بڑا منکر شرک ہے۔ یہی وہ لوگ ہیں جو اللہ کی مدد کے مستحق ہیں اور یہی کامیاب رہیں گے۔

اللہ نے مومنین کی یہی صفت بیان کی ہے کہ: الَّذِينَ آمَنُوا يُقَاتِلُونَ فِي سَبِيلِ اللَّهِ ۖ وَالَّذِينَ كَفَرُوا يُقَاتِلُونَ فِي سَبِيلِ الطَّاغُوتِ فَقَاتِلُوا أَوْلِيَاءَ الشَّيْطَانِ ۖ إِنَّ كَيْدَ الشَّيْطَانِ كَانَ ضَعِيفًا (النساء:76)(وہ لوگ جو ایمان لائے وہ اللہ کے راستے میں لڑتے ہیں اور وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا وہ باطل معبود کے راستے میں لڑتے ہیں۔ پس تم شیطان کے دوستوں سے لڑو، بیشک شیطان کی چال ہمیشہ نہایت کمزور رہی ہے)۔اور یہ حقیقت بھی ذہنوں میں مستحضر رہے کہ آپ کی بلندی و کامیابی کا راز اسی کتاب میں پنہاں ہے جس کی آیات سے ہم آپ کو یاد دہانی کروا رہے ہیں۔ نبی صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم نے فرمایا: (اللہ تعالیٰ اس کتاب کی بنیاد پر (بعض قوموں کو) عروج اور ترقی عطا فرماتا ہے۔ اور بعض قوموں کو اس کتاب (کے پس پُشت ڈالنے) کی وجہ سے ذلیل و رُسوا کرتا ہے) (مسلم، احمد)

یاد رکھو کہ اللہ کے ہاں صرف اُسی شخص کا جہاد مقبول ہے جس کے عقیدے میں کجی نہ ہو اور جس کی نیت اللہ کے کلمے کو سر بلند کرنا ہو، ابو موسی اشعری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک صحابی نے رسول اللہ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم سے سوال کیا کہ: ایک شخص جنگ میں شرکت کرتا ہے غنیمت حاصل کرنے کے لئے ایک شخص جنگ میں شرکت کرتا ہے ناموری کے لیے، ایک شخص جنگ میں شرکت کرتا ہے تا کہ اُس کی بہادری کی دھاک بیٹھ جائے تو ان میں سے اللہ کے راستے میں کون لڑتا ہے؟ آپ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم نے فرمایا جو شخص اِس ارادہ سے جنگ میں شریک ہوتا ہے کہ اللہ ہی کا کلمہ بلند رہے ' صرف وہی اللہ کے راستہ میں لڑتا ہے (مسلم)

سو جان لو کہ عزت، بلندی اور شرف تک پہنچنے کا راستہ، اللہ کی راہ میں قتال، کافر مشرک اور مرتد کا خون بہانے، قیمتی اور عزیز چیزیں اللہ کی راہ میں قربان کرنے اور اللہ کے دین پر صبر و ثبات دکھانے سے ہو کر گزرتا ہے، یہی وہ واحد راستہ ہے جس پر چل کر اللہ کے کلمے کو بلند کیا جا سکتا ہے اور جو اللہ کے کلمے کو بلند کرے اور اُسکے لیے اپنی جان اور مال قربان کرے تو اللہ اُسکی نصرت کرتا ہے، اُسے غلبہ عطا فرماتا ہے اور اپنی جنتوں میں داخل کرتا ہے۔

اہل کشمیر میں مومنین اور موحدین کے نام پیغام

اے کشمیر میں اہل توحید! ہم آپکو خالص اور محکم دین کی طرف بلا رہے ہیں جس میں ذرا بھی کمی اور کجی نہیں، ہم آپکو دعوت دیتے ہیں کہ تمام طواغیت اور باطل معبودوں سے براءت کریں، اُن سے بغض و دشمنی رکھیں، اللہ کے لیے اپنے اعمال اور عبادات کو خالص کر لیں، نبی کی سنّت کو اپنے لیے واحد مشعل راہ بنالیں، خلافت اسلامیہ جو مسلمانوں کی جماعت ہے کے حسینی قریشی امیر کی بیعت کریں جیسا کہ زمین کے کونے کونے سے موحدین نے ایک امیر کی بیعت کر کے مسلمانوں کو متحد کرنے کی کوشش کی، خلافت کے جھنڈے تلے تمام طواغیت سے قتال اور جہاد کا آغاز کریں۔



بت پرست اپنے شرک کی وجہ سے انتہائی بزدل ہیں

اے توحید کے شہسوارو! ہندوستانی، پاکستانی اور عرب و عجم کے تمام طواغیت اور اُنکی فوجوں کو اِس حال میں مت چھوڑو کہ اُنکی سانسیں چل رہی ہوں یا وہ اپنے دفاع کی طاقت رکھتے ہوں، اُن پر گھات لگاؤ، اُن سے مقابلہ کرو اور اُن سے قتال میں شدّت اور سختی کو اپناؤ۔ پس جب دونوں صفیں آمنے سامنے آجائیں تو اُنکی گردنیں اُڑاؤ اور اُنکے جوڑ جوڑ پر کاری ضرب لگاؤ، اُنکی گاڑیوں کو تباہ کر دو، اُن پر حملہ کرو، اُنکی پناہ گاہوں میں اُن پر اچانک حملہ کرو اور اُن پر بارودی گاڑیاں اور بارودی جیکٹیں پھاڑو تا کہ وہ تمہاری جنگ کا مزہ چکھیں، قریب ہے کہ اللہ تمہارے مدد

کرے اور تم اُنہیں پیٹھ پھیر کر بھاگتا دیکھو۔ جان لو کہ تم سخت اور شدید فوجوں کا مقابلہ نہیں کر رہے بلکہ بت کے پجاریوں، گائے کا پیشاب پینے والوں، عزت کے سوداگروں اور مقابلے کے وقت پیٹھ پھیر کے بھاگنے والے بزدلوں سے تمہارا سامنا ہے، بلکہ یہ تو دیواروں اور کونوں کھدروں کے پیچھے چھپنے والے کمزور ترین اور مردود لوگ ہیں، پس اِن پر صحیح معنوں میں حملہ کرو، اِن کا محاصرہ کرو، اِن کو جہاں پاؤ قتل کر دو اور آسمان و زمین کے نیچے ہر جگہ ہر طریقے سے اِنکا پیچھا کرو۔

اے توحید کی غیرت رکھنے والے مجاہدو! پوری دنیا میں علماء سوء اور فتنوں کی طرف دعوت دینے والوں کو قتل کرنے میں ہمہ تن مصروف ہو جاؤ، یہی ہیں جنہوں نے اللہ کے دین اور اُسکے اولیاء کو اذیتیں پہنچائی ہیں۔ اگر تم اُن میں سے کسی کو پالو تو تمہارا سایہ اُنکے سائے سے علیحدہ نہ ہو مگر اِس حالت میں کہ تم اُسے قتل کر چکے ہو، اِنہیں قتل کرو چاہیے وہ اپنے گھر میں اور اپنے اہل و عیال میں ہی ہوں۔ ابتداء اُن علماء سوء سے کرو جو مجاہدین سے کھلی دشمنی کرتے ہیں اور اُن سے قتال پر اُبھارتے ہیں یا اُن پر الحاد کا الزام لگاتے ہیں یا اُنہیں دین سے خارج بتاتے ہیں۔ اللہ کی قسم! وقت آ گیا ہے کہ اِن سروں کو کچل دیا جائے، خبیث جانوں کو قتل کر دیا جائے اور اِنکی زبانوں کو کاٹ دیا جائے!

اے توحیدی شہسوارو! اے محمد بن مسلمہ کے پوتو! ہندوستانی "را" اور پاکستانی "آئی ایس آئی" کے اہلکاروں اور اُن کے لیے سونگھنے والے کتوں کی مانند کام کرنے والے جاسوسوں کو چن چن کر ہر جگہ پر ہلاک کرو، اِنکے بارے میں کسی قسم کا شک نہ کرو اور نہ ہی کسی ملامت کی پروا کرو، یہ وہ لوگ ہیں جو اپنا دین نہایت سستے داموں فروخت کر کے اللہ کا عذاب خرید چکے ہیں، چاہے انکے نام مسلمانوں سے ملتے جلتے ہوں لیکن یہ مرتد ہیں اور اللہ کے دین سے نکل چکے ہیں جیسے تیر کمان سے نکل جاتا ہے، پس اِن آستین کے سانپوں کا سر کچل دو اس سے پہلے کہ یہ مرتدین تم پر اپنا وار کر گزریں اور جان لو کہ اللہ کی جماعت ہی غالب ہے، اور اللہ اپنے دین اور مومنین کی لازماً نصرت کرے گا، یہ اللہ کا وعدہ ہے جو پورا ہو کر رہے گا لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے، اللہ عزّ و جلّ نے فرمایا: وَمَن يَتَوَلَّ اللَّهَ وَرَسُولَهُ وَالَّذِينَ آمَنُوا فَإِنَّ حِزْبَ اللَّهِ هُمُ الْغَالِبُونَ(المائدہ:56)(اور جو کوئی اللہ کو اور اس کے رسول کو اور ان لوگوں کو دوست بنائے جو ایمان لائے ہیں تو یقیناً اللہ کی جماعت ہی غالب آنے والی ہے)

ہم اللہ سے دعا کرتے ہیں کہ وہ اہلِ کشمیر کے دلوں کو حق کی طرف پھیر دے، اُنکے دلوں میں ایمان کو جما دے اور اللہ، اسکے رسول ﷺ اور اہل ایمان کی محبت ڈال دے اور کفر کی نفرت پر انکو مضبوط کر دے اور اہل کفر و شرک کے بغض اور دشمنی پر انکو شدید کر دے۔ ہم اللہ العزیز الرحیم سے دعا کرتے ہیں کہ وہ انکی مشکلات کو دور کرے، انکی مدد و نصرت فرمائے، انکے دشمن طواغیت پر انکو غالب کر دے اور انہیں خلافت اسلامیہ کی بیعت کی توفیق دے کر اُنکو مضبوط کر دے، آمین یا رب العالمین

وَاللَّهُ غَالِبٌ عَلَىٰ أَمْرِهِ وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُونَ
(اور اللہ اپنے کام پر غالب ہے اور لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے)



ایک امام کی بیعت اور ایک جماعت کے تحت آنا ہی تمام مشکلات کا حل ہے

حمایت اور مدد کرنے والی بنو

نہ کہ عزم سے ہٹانے والی

جنگ، فتنوں اور سختیوں کے حالات میں غم اور پریشانیاں زیادہ ہوجاتی ہیں اور کلیجے منہ کو آنے لگتے ہیں۔ پس بعض لوگوں کو اللہ تبارک وتعالیٰ انکے ایمان اور اللہ سے حسنِ ظن کی وجہ سے ثابت قدم کر دیتا ہے اور بعض دوسرے قدموں کے بل پلٹتے ہوئے دین سے پھر کر ہلاک ہو جاتے ہیں اور اپنے بھائیوں سے خیانت کرتے ہوئے پیٹھ پھیر کر بھاگ جاتے ہیں۔ بلکہ اِن میں سے اکثر اسی پر اکتفا نہیں کرتے بلکہ اُنکی کوشش ہوتی ہے کہ اپنی شکست کو دوسروں پر بھی تھوپ دیں اور وہ ایسی خبریں مسلمانوں میں پھیلاتے ہیں کہ وہ دشمنوں کی شان وشوکت سے مرعوب ہوجائیں۔ اُنکی کوشش ہوتی ہے کہ مسلمان اپنے دشمنوں سے خوفزدہ ہو جائیں اور اِس طرح وہ قتال اور کافروں سے آمنے سامنے کے مقابلے میں ثابت قدم نہ رہ سکیں۔

یہ کام منافقین کے مشہور کاموں میں سے ایک ہے جو کہ کمزور ایمان اور یقین نہ رکھنے والے مردوں، عورتوں کے درمیان پھیل جاتا ہے۔ جہاں تک مردوں کا تعلق ہے تو اِس بارے میں انکا کردار معروف ہے اور وہ ہم اوپر اچھی طرح بیان کر چکے ہیں۔ البتہ جہاں تک عورتوں کا تعلق ہے تو اُنکی مصیبت یہ ہے کہ یہ افواہوں کو منافقین کے گھروں اور اُنکی زبانوں سے اپنے گھر اور اپنے شوہر اور بچوں کے مابین منتقل کر دیتی ہیں اور اِس طرح جانتے ہوئے یا انجانے میں منافقین کے طرزِ عمل پر چل پڑتی ہیں۔

افواہیں پھیلانا منافقین کا کام ہے

افواہیں جھوٹی خبریں ہوتی ہے جن کے نتیجے میں فتنے اور افراتفری پھیلتی ہے۔ قرطبی رحمہ اللہ نے اپنی تفسیر میں فرمایا: افواہ فتنوں کا طلب کرنا ہے اور جھوٹ اور باطل باتوں کا پھیلانا ہے تا کہ اِسکا (ناجائز) فائدہ اٹھایا جاسکے۔

اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم میں بہت سے مقامات پر افواہوں اور اِنکے پھیلانے والوں کی مذمت کی ہے اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: قَدْ يَعْلَمُ اللَّهُ الْمُعَوِّقِينَ مِنكُمْ وَالْقَائِلِينَ لِإِخْوَانِهِمْ هَلُمَّ إِلَيْنَا ۖ وَلَا يَأْتُونَ الْبَأْسَ إِلَّا قَلِيلًا (الاحزاب:18) (یقیناً اللہ تم میں سے رکاوٹیں ڈالنے والوں کو جانتا ہے اور اپنے بھائیوں سے یہ کہنے والوں کو بھی کہ ہماری طرف آجاؤ اور وہ لڑائی میں نہیں آتے مگر بہت کم) اور فرمایا: لَّئِن لَّمْ يَنتَهِ الْمُنَافِقُونَ وَالَّذِينَ فِي قُلُوبِهِم مَّرَضٌ وَالْمُرْجِفُونَ فِي الْمَدِينَةِ لَنُغْرِيَنَّكَ بِهِمْ ثُمَّ لَا يُجَاوِرُونَكَ فِيهَا إِلَّا قَلِيلًا (*) مَّلْعُونِينَ ۖ أَيْنَمَا ثُقِفُوا أُخِذُوا وَقُتِّلُوا تَقْتِيلًا (الاحزاب:60،61) (اگر منافق اور وہ جن کے دلوں میں مرض ہے اور مدینہ میں غلط خبریں اڑانے والے باز نہ آئیں گے تو آپ کو ہم ان کے پیچھے لگادیں گے، پھر یہ لوگ آپ کے پاس مدینہ میں بہت ہی کم رہ پایں گے)۔ الجصاص نے احکام القرآن میں فرمایا: "اِس آیت میں دلیل ہے کہ مومنوں میں افواہیں پھیلانے والا اور اُن میں وہ باتیں پھیلانے والا جن سے اُنکو غم پہنچتا ہے اور تکلیف ہوتی ہے تو ایسا شخص تعزیری سزا اور جلاوطنی کا مستحق ہے اگر وہ اپنے اِس عمل پر اصرار کرے اور اِس سے نہ رکے۔ یہ عموماً منافقین اور وہ لوگ ہوتے ہیں جنہیں دین کی ذرا بھی سمجھ بوجھ نہیں ہوتی اور جن کے دلوں میں مرض ہوتا ہے، اور یہ مرض یقین کی کمزوری ہے۔ پس یہ لوگ کفار اور مشرکین کے جمع ہونے، انکے باہمی تعاون اور مسلمانوں کی طرف پیشقدمی کی افواہیں پھیلاتے ہیں جس کی وجہ سے کافروں کی شان وشوکت مسلمانوں کے دلوں میں بڑھ جاتی ہے اور اِس طرح وہ مسلمانوں کو خوفزدہ کرنے کا باعث بنتے ہیں۔ پس اللہ تعالیٰ نے یہ آیت اُن کے بارے میں نازل کی ہے اور اگر وہ افواہیں اڑانے سے باز نہیں آتے تو خبردار کیا ہے کہ پھر انکو جلاوطنی اور قتل کی سزا دی جائے۔ پس اللہ تعالیٰ نے اِس امر کے

بعض بیوقوف جو گمراہ ہو گئے اور دارالکفر واپس چلے گئے، وہ افواہیں پھیلا رہے ہیں





استشہادی ابو عمر المصلاوی کی اپنی اہلیہ کو یہ وصیت تھی کہ وہ ثابت قدم رہیں

بارے میں بتادیا کہ یہی اللہ کی سنت ہے اور اسی حکم کو لازماً اختیار کرنا چاہیے اور اِسی کی اتباع کرنی چاہیے"۔

پس افواہوں کے خطرات سے بچنے کے لیے اللہ تعالیٰ نے مجاہدین کو افواہوں کے پھیلانے والوں سے ملنے جلنے اور ساتھ رہنے سے سے خبردار کیا، کیونکہ اُنکی باتوں سے مجاہدین کی صفوں میں کمزوری پھیلتی ہے اور جہادی صفوں کو ترک کرنے کی وجہ سے وہ مسلمانوں کی طاقت کو کم کرتے ہیں، جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: لَوْ خَرَجُوا فِيكُم مَّا زَادُوكُمْ إِلَّا خَبَالًا وَلَأَوْضَعُوا خِلَالَكُمْ يَبْغُونَكُمُ الْفِتْنَةَ وَفِيكُمْ سَمَّاعُونَ لَهُمْ ۗ وَاللَّهُ عَلِيمٌ بِالظَّالِمِينَ (التوبة:47) (اگر وہ تمہارے ساتھ نکلتے تو تمہارے لیے شروفساد میں اضافہ ہی کرتے، اور فتنہ پھیلانے کے ارادے سے تمہاری صفوں میں جھوٹی باتوں کے گھوڑے دوڑاتے، اور اب بھی تمہارے درمیان ان کے جاسوس موجود ہیں، اور اللہ ظالموں کو خوب جانتا ہے)۔ ابن اسحاق نے کہا: جب رسول اللہ ﷺ تبوک کے لیے روانہ ہو رہے تھے تو منافقین کے ایک گروہ نے مومنین کو خوفزدہ کرنے کے لیے آپ ﷺ کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا: کیا تم بنی اصفر (روم) کے جلاد سے مقابلے کو ویسا ہی سمجھتے ہو جیسا کہ عرب ایک دوسرے سے لڑتے ہیں! یہ تو ایسا لگتا ہے کہ تمہاری وجہ سے کل ہم رسیوں میں بندھے ہوں گے۔

تقدیر پر ایمان اور اللہ کے وعدوں پر یقین مومن عورت کی ڈھال ہے

اِس باب میں عورتوں کے احکام بالکل وہی ہیں جو مردوں کے لیے ہیں۔ پس مسلمان عورتوں میں سے جو کوئی ایسے فعل کی مرتکب ہوئی ہو، جیسے اپنے گھر والوں کو یا دوسرے مسلمانوں کو خوفزدہ کرنا یا ایسی خبریں پھیلانا جو دلوں کی کمزوری کا باعث بنتی ہوں تو اُسے چاہیے کہ وہ اللہ سے اِن گناہوں پر استغفار کرے اور اللہ کے فیصلوں اور اُسکی تقدیر پر اپنے ایمان کی تصحیح کرے اور اللہ کے اِس قول کو اچھی طرح سمجھ لے: قُل لَّن يُصِيبَنَا إِلَّا مَا كَتَبَ اللَّهُ لَنَا هُوَ مَوْلَانَا ۚ وَعَلَى اللَّهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُونَ (التوبة:51) (کہہ دو ہمیں ہرگز نہ پہنچے گا مگر وہی جو اللہ نے ہمارے لیے لکھ دیا وہی ہمارا کارساز ہے اور اللہ ہی پر چاہیے کہ مومن بھروسہ کریں) اور نبی ﷺ کی اِس حدیث کو بھی اچھی طرح سمجھ لینا چاہیے جس میں آپ ﷺ نے عبداللہ بن عباس رضی اللہ کو مخاطب کرتے ہوئے فرمایا: "اے لڑکے! بیشک میں تمہیں چند اہم باتیں بتلا رہا ہوں: تم اللہ کے احکام کی حفاظت کرو، وہ تمہاری حفاظت فرمائے گا، اللہ کے حقوق کا خیال رکھو اسے تم اپنے سامنے پاؤ گے، جب تم کوئی چیز مانگو تو صرف اللہ سے مانگو، جب مدد چاہو تو صرف اللہ سے مدد طلب کرو، اور یہ بات جان لو کہ اگر ساری امت بھی جمع ہو کر تمہیں کچھ نفع پہنچانا چاہے تو وہ تمہیں اس سے زیادہ کچھ بھی نفع نہیں پہنچاسکتی جو اللہ نے تمہارے لیے لکھ دیا ہے، اور اگر وہ تمہیں کچھ نقصان پہنچانے کے لئے جمع ہو جائے تو اس سے زیادہ کچھ نقصان نہیں پہنچاسکتی جو اللہ نے تمہارے لئے لکھ دیا ہے، قلم اٹھالیے گئے اور (تقدیر کے) صحیفے خشک ہو گئے ہیں" (احمد، ترمذی)۔

مسلمان عورت کو ہمیشہ چاہیے کہ جب بھی وہ افواہوں میں سے کچھ سنے، جیسے دشمن کی قوت کے بارے میں یا اُنکا ہم سے جنگ کے لیے نکلنے کے بارے میں یا اُنکے اسلحے، ساز وسامان اور تیاری کے بارے میں، تو اُسے اللہ تعالیٰ کا یہ فرمان ہر وقت اپنے سامنے رکھنا چاہیے: الَّذِينَ قَالَ لَهُمُ النَّاسُ إِنَّ النَّاسَ قَدْ جَمَعُوا لَكُمْ فَاخْشَوْهُمْ فَزَادَهُمْ إِيمَانًا وَقَالُوا حَسْبُنَا اللَّهُ وَنِعْمَ الْوَكِيلُ (*) فَانقَلَبُوا بِنِعْمَةٍ مِّنَ اللَّهِ وَفَضْلٍ لَّمْ يَمْسَسْهُمْ سُوءٌ وَاتَّبَعُوا رِضْوَانَ اللَّهِ ۗ وَاللَّهُ ذُو فَضْلٍ عَظِيمٍ (*) إِنَّمَا ذَٰلِكُمُ الشَّيْطَانُ يُخَوِّفُ أَوْلِيَاءَهُ فَلَا تَخَافُوهُمْ وَخَافُونِ إِن كُنتُم مُّؤْمِنِينَ (آل عمران:173 تا 175) (وہ لوگ کہ لوگوں نے ان سے

کہا کہ بیشک لوگوں نے تمہارے لیے (فوج) جمع کرلی ہے، سو ان سے ڈرو، تو اس (بات) نے انہیں ایمان میں زیادہ کر دیا اور انھوں نے کہا ہمیں اللہ کافی ہے اور وہ اچھا کارساز ہے۔ تو وہ اللہ کی طرف سے عظیم نعمت اور فضل کے ساتھ لوٹے، انہیں کوئی برائی نہیں پہنچی اور انہوں نے اللہ کی رضا کی پیروی کی اور اللہ بہت بڑے فضل والا ہے۔ یہ تو شیطان ہی ہے جو اپنے دوستوں سے ڈراتا ہے، تو تم ان سے مت ڈرو اور مجھ سے ڈرو، اگر تم مومن ہو)۔

پس مسلمان عورت کو چاہیے کہ افواہیں پھیلانے والوں اور منافقین کو "حسبنا الله و نعم الوکیل" (ہمیں اللہ کافی ہے اور وہ اچھا کارساز ہے) کا جواب دیں اور اُسے یقین ہونا چاہیے کہ اللہ کی مدد اُسکے بندوں کے لیے کافی ہے چاہے دشمنوں کی قوت کتنی ہی زیادہ کیوں نہ ہو اور اُسے ایمان رکھنا چاہیے کہ اُسے، اُسکے اہل و عیال کو اور تمام لوگوں کو کوئی تکلیف پہنچ نہیں سکتی مگر وہی جسے اللہ تعالیٰ نے اُن کے لیے تقدیر میں لکھ دیا ہے اور اُسے یہ بھی جان لینا چاہیے کہ شیطان صرف اپنے دوستوں کو ہی خوفزدہ کر سکتا ہے اور مومنین پر اُسکا کچھ داؤ نہیں چلتا۔

امّ المومنین خدیجہ بن خویلد رضی اللہ عنہا نے رسول اللہ ﷺ کو ثابت قدم رہنے کی تلقین کی

اِسی طرح مجاہدین کی بیویوں، ماؤں اور بہنوں پر یہ زیادہ واجب ہے کہ وہ گھر میں اُن کے لیے پشتی بان اور مددگار بنیں اور منافقین کی باتوں اور افواہوں کے خلاف اُنکی مدد کریں، اُن سے وہی بات کریں جس سے وہ ثابت قدم ہو جائیں اور اُنکے دل مطمئن رہیں۔ اِس معاملے میں مومن عورتوں کے واقعات میں سے بہترین قصہ، اُمّ المومنین خدیجہ رضی اللہ عنہا کا واقعہ ہے جب نبی ﷺ کے پاس پہلی دفعہ جبریل علیہ السلام آئے تو آپ خوف کی حالت میں خدیجہ رضی اللہ عنہا کے پاس آئے اور اُنہیں کہا "مجھے کمبل اوڑھا دو، مجھے کمبل اوڑھا دو"، تو آپ رضی اللہ عنہا نے انہیں کمبل اوڑھا دیا یہاں تک کہ آپکا خوف جاتا رہا تو آپ نے خدیجہ رضی اللہ عنہا کو یہ واقعہ بتایا اور اُن سے فرمایا: مجھ کو اب اپنی جان کا خوف ہو گیا ہے، تو خدیجہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: آپ کا خیال ہرگز صحیح نہیں ہے۔ اللہ کی قسم آپ کو اللہ کبھی رسوا نہیں کرے گا، آپ رشتوں کو جوڑنے والے ہیں، دوسروں کا بوجھ اٹھانے والے ہیں، محتاجوں کی مدد کرنے والے ہیں، مہمانوں کا اکرام کرنے والے ہیں اور حق کا ساتھ دینے والے ہیں۔۔۔ (بخاری، مسلم)

اور خدیجہ رضی اللہ عنہا عورتوں میں سب سے پہلے ایمان لانے والی تھیں، اور اپنی وفات تک وہ آپ ﷺ کا بوجھ بانٹتی رہیں اور اُنکے عزم کو تقویت دیتی رہیں، اسی لیے مشکل وقت میں اُنکے اِن عظیم اعمال پر نبی ﷺ کے دل میں اُنکی محبت ہمیشہ باقی رہی اور آپ ﷺ نے انکے بارے میں فرمایا: وہ مجھ پر اُس وقت ایمان لائیں جب لوگوں نے میرا انکار کیا اور میری تصدیق اُس وقت کی جب لوگوں نے مجھے جھٹلایا اور مجھے اُس وقت مال دیا جب لوگوں نے مجھ سے روک لیا (احمد)

اسماء بنت ابی بکر نے اپنے بیٹے کو صبر کے ساتھ موت کی طرف روانہ کیا

انہی تابندہ مثالوں میں سے ایک، اسماء بنت ابی بکر رضی اللہ عنہا کی مثال ہے جب آپکے بیٹے اور خلیفۃ المسلمین عبد اللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ کا محاصرہ مکّہ میں باغیوں کے لشکر نے کر لیا جس کی قیادت حجاج ثقفی کر رہا تھا۔ جب آپ رضی اللہ عنہ پر اُنکی دی ہوئی تکلیفیں شدید ہو گئیں تو آپ اپنی والدہ کے پاس جنگ کے لیے نکلنے کے بارے میں مشورہ کرنے آئے اور کہا: لوگوں نے مجھے چھوڑ دیا ہے، یہاں تک کہ میرے اپنے بیٹے اور میرے اہل و عیال نے بھی اور میرے ساتھ صرف تھوڑے سے لوگ رہ گئے ہیں جو ایک گھنٹے سے زیادہ دفاع کرنے کی طاقت نہیں رکھتے، اور یہ حملہ آور مجھے دنیا کی ہر چیز دینے پر تیار ہیں، تو آپکی کیا رائے ہے؟۔ تو آپ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: اے میرے بچے اللہ کی قسم تم اپنے بارے میں بہتر جانتے ہو، اگر تم سمجھتے ہو کہ تم حق پر ہو اور حق کی طرف بلاتے ہو تو جاؤ اُن سے لڑو کیونکہ اِسی لیے تمہارے ساتھیوں نے لڑتے ہوئے جان دی ہے اور اپنی گردن کو اُنکے ہاتھ میں نہ دینا کہ بنو امیہ کے لڑکے تجھ سے کھیلیں، اور اگر تم دنیا کے طالب تھے تو تم ایک بدترین انسان ہو، تم نے اپنے آپ کو بھی ہلاک کیا اور اُن کو بھی جو تمہارے ساتھ قتل ہوئے اور اگر تم یہ کہو کہ میں حق پر ہوں لیکن جب میرے ساتھیوں نے کمزوری دکھائی تو میں بھی کمزور ہو گیا، تو یہ آزاد اور شریف لوگوں کا کام نہیں، نہ ہی اہل دین کا، آخر دنیا میں کتنا جیو گے، قتل ہونا بہتر ہے۔

پس امیر المومنین آپکے قریب آئے اور آپکا سر چوما اور کہا: اللہ کی قسم میری بھی یہی رائے ہے۔۔۔ لیکن میں نے پسند کیا کہ آپکی رائے معلوم کروں، پس آپ نے میری بصیرت کو مزید بڑھا دیا۔ دیکھو میری ماں مجھے آج سے ہی مقتول سمجھو تا کہ آپ کے غم میں مزید اضافہ نہ ہو اور سارا معاملہ اللہ کے سپرد اور حوالے کر دو۔ پھر امیر المومنین رضی اللہ عنہ وہاں سے پلٹے اور کہا:

بلاشبہ جب میں جب میں جان لیتا ہوں کہ یہ میرا دن ہے تو میں موت آنے پر صبر کرتا ہوں

اور صرف آزاد انسان ہی جانتا ہے کہ اُسکا دن قریب آ گیا ہے

جبکہ بعض لوگ یہ جان بھی لیتے ہیں، لیکن اِسکا انکار کرتے ہیں

جب انکی والدہ رضی اللہ عنہا نے اُنکا یہ قول سنا تو کہا: اللہ کی قسم تم صبر کرو گے، ان شاء اللہ، تمہارے باپ ابو بکر اور زبیر ہیں اور تمہاری ماں صفیہ بن عبد المطلب ہیں۔

یہی حال مومن بیوی کا اپنے شوہر کے ساتھ اور مومن ماں کا اپنے بیٹے کے ساتھ ہوتا ہے۔ پس وہ اپنے راستہ پر ثابت قدم رہتے ہوئے اللہ کے دشمنوں سے جہاد کرتے ہیں اور اپنے ربّ کے احکام پر عمل کرنے کے لیے مستعد ہوتے ہیں اور باذن اللہ اُنکی ماؤں اور بیویوں کے لیے اُنکے عمل کے اجر میں حصہ ہو گا۔

اثنا عشری امامیہ رافضی

تخیلاتی امام سے
طواغیت کی حکومت تک

اِسلامی ریاست کا قیام۔۔۔نبوی منہج اور گمراہی کے راستوں کے مابین تقابل (حصہ چہارم)

اِس سلسلے کی پچھلی اقساط میں ہم رافضیوں کے امامت الٰہیہ کے باطل نظریے اور اِس سے برآمد ہونے والی دیگر کفریہ بدعات وخرافات جیسے وصیت، نص، تقیہ، بداء، غیبوبیت اور رجعت (واپسی) وغیرہ کی بنیاد پر اُنکے دین میں ہونے والے ارتقاء کی تاریخ پر روشنی ڈال چکے ہیں۔

اِس قسط میں ہم باذن اللہ اِس امر پر روشنی ڈالنے کی کوشش کریں گے کہ کس طرح روافض "امامتِ الٰہیہ" کے خودساختہ نظریے سے کھلواڑ پر مجبور ہوگئے جسے اُنہوں نے اسلامی ریاست کے قیام کیلئے لازم قرار دیا تھا۔ اور یہ بھی جاننے کی کوشش کریں گے کہ کس طرح انہوں نے یکے بعد دیگرے اپنے باطل نظریات میں ترمیم کرکے اُسے نظریہ ولایت فقیہ (یعنی حکومت فقیہ) تک پہنچا دیا جو اُن کے سیاسی نظریے کے سراسر متضاد اور اُس کا نقیض ہے۔ یہی وہ نظریہ ہے جس پر آج کی شرکیہ ایرانی ریاست قائم ہے اور وہ پوری دنیا میں بلادُ المسلمین پر اِس نظریے کو نافذ کرنے کیلئے کوشاں ہے۔

اگرچہ رافضیوں کا گمان یہ ہے کہ اُن کا (باطل) دین آسمانوں سے وحی کے ذریعے رسول اللہ ﷺ اور اُن سے سلسلہ وار سیدنا علی رضی اللہ عنہ اور اُنکی اولاد کے ذریعے اُن تک پہنچا ہے جسے انہوں نے بعد میں کتابوں میں لکھ کر لوگوں تک پہنچایا؛ لیکن اِس کے برعکس اکثر محققین یہ ثابت کرچکے ہیں کہ یہ (باطل) دین اِن کے علماء نے سیدنا علی رضی اللہ عنہ



مجاہدین کی طرف سے نشانہ بنائی گئی حسن عسکری کی قبر پر بنی شرکیہ عمارت

کی اولاد میں سے جن کے بارے میں یہ امامت اور عصمت کا عقیدہ رکھتے ہیں، اُن کی وفات کے بعد لکھا ہے، اور اِنہی علماء نے بارہویں امام کو خود سے گھڑ کر اُسے دورِ غیبوبیت میں داخل کر دیا (یعنی روپوش قرار دے دیا) تا کہ وہ اِس تحریف سے اپنے مکروہ چہرے کو چھپا سکیں اور اپنی گرتی ہوئی عمارت کو تنکے کا سہارا دے سکیں۔ اِن رافضیوں نے منصب امامت کیلئے معصوم ہونا اور نص کو لازم قرار دیا تا کہ اِس طرح سے وہ ابو بکر رضی اللہ عنہ اور اُنکے بعد تمام خلفائے رسول ﷺ کی خلافت کو باطل قرار دے کر اُن کے خلاف خروج اور اُنکی تکفیر کو جائز قرار دے سکیں۔

اِنہوں نے اِسی پر اکتفا نہیں کیا، بلکہ اُنہوں نے عام مسلمانوں پر دین میں ایسی چیزیں لازم قرار دیں جن کے ذریعے سے وہ لوگوں کو اپنے اماموں کی بیعت کا پابند بنا سکیں اور اُنہیں رافضیت میں داخل کر سکیں تا کہ لوگ اُنکے دین میں داخل ہو کر اُنکے زعم کے مطابق مسلمان ہو جائیں۔

پس جس موضوع سے انہوں نے ابتداء کی وہ امامت کا موضوع تھا جسے انہوں نے دین کے اصولوں سے ایک اصول قرار دیا اور اُنکے نزدیک جو امامِ زمانہ کو نہ جانے اور نہ ہی اُس کی بیعت کرے تو ایسے شخص کا ایمان اُنکے ہاں معتبر نہیں۔ اِسی وجہ سے روافض کے ہاں بعض اماموں کے اصحاب کے ایمان کے بارے میں اختلاف ہے کہ آیا وہ مومن تھے یا نہیں کیونکہ اُنکی وفات اُس وقت کے دوران ہوئی جب کسی امام کے تعین میں اختلاف چل رہا تھا۔

بلکہ رافضیوں نے اپنے مُتّبعین پر راہوں کو اُس وقت مزید تنگ کر دیا جب اُنہوں نے منصب امامت سے متعلق تمام احکامات کو بھی موقوف کر دیا جیسے اسلامی عدالت، حدود کا قیام، حسبہ (امر بالمعروف ونہی عن المنکر)، جہاد، جمعہ وغیرہ؛ اور کہنے لگے کہ یہ تمام مناصب امام یا امام جسے خود اپنا نائب مقرر کرے، اُسکے علاوہ کسی کیلئے جائز نہیں۔ اسکے علاوہ اُنہوں نے یہ بھی حرام کر دیا تھا کہ لوگ اُن حکّام سے اپنے فیصلے کروائیں جنہیں یہ "ظالم حکّام" کہتے تھے، یا اُن کی قیادت میں جہاد کریں، یا اُن کے پیچھے نمازِ جمعہ ادا کریں، یا اُنکو زکوۃ دیں۔

پھر انکی تحریف دین میں تشریع (یعنی شرعی قوانین وضع کرنے) تک جا پہنچی۔ اُنہوں نے اپنے پیروکاروں کو کتاب اللہ (قرآن) اور سنت رسول ﷺ سے بلاواسطہ راہنمائی حاصل کرنے سے روک دیا اور اُن پر یہ لازم کر دیا کہ وہ صرف اپنے اماموں سے ہی دینی احکامات لیں۔ وہ یہ زعم کرنے لگے کہ اُنکے اماموں کا کلام، قرآنِ ناطق یعنی بولتا ہوا قرآن ہے اور جو قرآن مسلمانوں کے پاس مصاحف اور سینوں میں ہے وہ قرآن صامت یعنی خاموش قرآن ہے تا کہ اس حقیقت کا انکار کر سکیں کہ نبی ﷺ کی وفات کے بعد نئے شرعی احکامات آنے کا سلسلہ رُک چکا ہے، اور تا کہ اپنے اِس باطل زعم کو عام کر سکیں کہ کتنے ہی ایسے احکامات تھے جو اہل بیت کے ساتھ خاص تھے اور جنہیں آپ ﷺ کی زندگی میں ظاہر کرنے کی حاجت پیش نہیں آئی اور تا کہ لوگوں کو یہ باور کروا سکیں کہ اپنے اماموں کی طرف جو اقوال وافعال وہ منسوب کرتے ہیں وہ اُنہیں نبوت کے علم میں سے ورثے میں حاصل ہوئے ہیں۔ بلکہ یہ اِس سے بھی زیادہ دور کی گمراہیوں میں بھٹک گئے اور یہ دعوی کر دیا کہ اُنکے اماموں پر ربّ تعالیٰ کی جانب سے وحی آتی ہے، تا کہ اُن کے اقوال (جو

وہ اماموں سے منسوب کرتے ہیں) وحی بن جائیں اور اُس سب کا حصہ بن جائیں جس کو اصول فقہ میں یہ اپنے تئیں "سنّت" کا نام دیتے ہیں۔ پس اُنہوں نے دین میں اجتہاد پر پابندی عائد کر دی اور اپنے اماموں کے سوا تمام مفتیوں کو اُنہوں نے شریعت وضع کرنے والا اور غیر اللہ کے حکم سے فیصلہ کرنے والا طاغوت شمار کیا۔

پس انہوں نے کتاب و سنت کی تفسیر و تشریح کو اپنے مزعوم اماموں کے اقوال تک ہی محدود کر دینے اور باطل باطنی تاویلات کی بنیاد پر وحی الٰہی کی تاویل کرنے پر ہی اکتفا نہیں کیا بلکہ انکی بے لگام زبانیں کتاب و سنت کی تحریف و تکذیب تک جا پہنچیں۔ پس اُن کے نزدیک وہی سنت صحیح ہے جو ان کے مذہب کے موافق ہو اور اِسکی بنیاد وہ جھوٹا قول ہے جو اُنہوں نے جعفر (صادق) کے ساتھ منسوب کر رکھا ہے کہ "ما خالف العامة فهو الرشاد" یعنی جو عموم کے خلاف ہو وہی رشد و ہدایت ہے"۔ اور عموم سے اُنکی مراد اہل سنت والجماعت ہیں۔ بلکہ اُنہوں نے قرآن کے تحریف سے محفوظ ہونے کو اِس زعم میں جھٹلا دیا کہ اصحابِ رسول ﷺ نے اِسکی آیات میں تحریف کی اور اُن آیات کو حذف کر دیا جن میں سیدنا علی رضی اللہ اور اہل بیت کی امامت پر واضح نص موجود تھی اور اُن آیات کو بھی حذف کر دیا جن میں سیدنا ابو بکر رضی اللہ عنہ، سیدنا عمر رضی اللہ عنہ، بنو امیہ اور ہر اُس شخص پر لعنت تھی جو اُنکے گمان میں اُنکے (باطل) دین پر نہ ہو۔ انہوں نے اپنے اماموں کی طرف ایسا قرآن بھی منسوب کیا جو مسلمانوں کے قرآن کے علاوہ ہے اور پھر اِس مزعومہ قرآن اور مزعومہ سنّت پر اپنی اجارہ داری کا دعوی بھی کر دیا جس طرح اِس سے پہلے وہ اِنکی تاویل و تفسیر اور شانِ نزول کے متعلق اجارہ داری کا دعوی کر چکے تھے۔ لوگوں کو دینی عقائد میں اپنے اماموں کا محتاجِ کل بنانے کے بعد انہوں نے لوگوں کی دنیا کو بھی اپنے اماموں سے مرتبط کر دیا اور لوگوں کو عبادت میں شرک کی دعوت دینے لگے۔ رافضیوں نے لوگوں کو اپنے اماموں سے مدد اور دعا مانگنے کی دعوت دی، اُن کیلئے ذبح اور نذر و نیاز کے ذریعے اُنکا تقرب حاصل کرنے پر ابھارا اور اُن کی قبروں اور جن چیزوں کو وہ انکے آثار قرار دیتے تھے، اُن سے تبرک حاصل کرنے پر ترغیب دی تا کہ وہ اُن کے گمان کے مطابق اُنہیں مال و اولاد دیں، انہیں امراض سے شفاء بخشیں؛ یہ سب ڈھونگ اُنہوں نے اِس لیے رچایا تا کہ لوگوں کو اپنے مذہب اور جماعت سے جوڑے رکھ سکیں۔



رافضیوں کے طواغیت انہیں شرک کی تعلیم دیتے ہیں

اگرچہ امامت کے نظریے پر بننے والا یہ خود ساختہ دینِ رافضیت، اِسی طرح کے عجوبوں سے بھرا پڑا ہے، لیکن اِسکے بارے میں جو مثالیں ہم پیش کر چکے ہیں وہ اس کی قباحت کو جاننے کیلئے کافی ہیں۔

"امامتِ الٰہیہ" سے نیابتِ امام تک

رافضی تقریباً دو صدیوں تک امامت کے مسئلہ میں رد و بدل کرتے رہنے سے کبھی نہیں شرمائے، مگر اُن کیلئے سب سے زیادہ شرمناک مرحلہ وہ تھا جب اُنکے گیارہویں امام حسن (عسکری) بن علی (ھادی) کی وفات

اپنے پیچھے کوئی اولاد چھوڑے بغیر تیسری صدی ہجری کے درمیان ہو گئی؛ تواُس وقت انہوں نے اپنے خود ساختہ باطل نظریے کو بچانے کیلئے یہ قصہ گھڑا کہ حسن عسکری کا ایک بیٹا تھا جو رومی لونڈی سے پیدا ہوا اور اُسکی ماں نے اُسے حکمرانوں سے بچانے کی غرض سے چھپا دیا حتی کہ وہ بڑا ہو جائے۔ پھر اِس قصے کو مزید بدل کر یہ کہہ دیا کہ دشمن اُس تک پہنچ گئے تھے تو وہ اُن سے بھاگ کر عراق کے شہر سامراء کے ایک غار میں جا چھپا۔

پھر جب اُسکے چھپے رہنے کا عرصہ طویل ہو گیا اور اُن کے پیروکاروں کے سوالات بڑھنے لگے اور اُسے دیکھنے کی چاہت میں اضافہ ہو گیا تا کہ اُس سے دین سیکھ سکیں تو اِن جھوٹے دجالوں نے یہ کہہ دیا کہ وہ لوگوں سے چھپا ہوا ہے اور اُن کی نظروں سے اوجھل ہے اور اُسے اسکے نائب (عثمان بن سعید العمری) کے سوا کوئی نہیں دیکھ سکتا۔ اِس شخص نے لوگوں کے درمیان ایسے خطوط نشر کئے جن کے بارے میں اُسکا یہ دعویٰ تھا کہ یہ خود ساختہ مہدی کے خط ہیں۔ اِن خطوط میں لوگوں کے سوالات کے جواب میں یہ لکھا تھا کہ یہ (عثمان بن سعید العمری) اس مزعومہ مہدی کا نائب اور اُس کی طرف سے لوگوں تک امام کا علم پہنچانے والا اور اُن کے اموال میں سے خمس لینے والا ہے اور آخری بات سب سے اہم ہے جیسا کہ ہم ان شاء اللہ آگے دیکھیں گے۔

اِس طرح بارہویں امام محمد (مہدی) بن حسن (عسکری) کے نائب کے ظاہر ہونے سے رافضیوں کے ہاں اماموں کا زمانہ اختتام پذیر ہوا اور زمانہ غیبوبیت شروع ہوا۔ اِس مرحلے کو امام کے نائبین کے موجود ہونے کے سبب غیبوبیت صغریٰ کا نام دیا گیا جو اِن کے اماموں کے قائم مقام ہوتے تھے اور رافضی طواغیت کے باطل نظریات اور فاسد اصولوں کا دفاع کرتے تھے۔

غیبوبیتِ صغریٰ کا یہ دور تقریباً ستر سال تک جاری رہا جس کے دوران چار لوگوں نے اُنکے غائب امام کی نیابت کی جن میں العمری کے بعد اہم ترین اُس کا بیٹا محمد ہے (امامت کے منصب کی مانند یہاں بھی ہم نیابت کے منصب کو وراثت میں منتقل ہوتا ہوا دیکھتے ہیں) جو اپنے منصب پر 40 سال تک فائز رہا، اُس کے بعد حسین النوبختی، پھر حسن المسیری جس کی وفات پر ۳۲۹ھ میں یہ مرحلہ بھی اختتام پذیر ہوا۔ اِس مرحلے کے اختتام کی ایک بڑی وجہ یہ بھی تھی کہ رافضی آخری نائب کی وفات کے بعد یہ سمجھ چکے تھے کہ غیبوبیت اور کسی مقام پر چھپے امام کی ڈھکوسلے بازی اب مزید نہیں چلے گی کیونکہ عموماً کسی انسان کی عمر اتنی لمبی نہیں ہوتی۔

پھر (غیبوبیت کبریٰ) کا مرحلہ شروع ہوا جس میں اُن کے بڑوں نے لوگوں کو امامِ غائب کے رہنے کی جگہ اور اُس کے ظہور کے وقت کے بارے میں سوال کرنے سے روک دیا اور یہ مرحلہ اس دن سے لے کر آج تک اِسی طرح چل رہا ہے۔ پس روافض ایک ہزار سال سے کسی ظاہر امام کے بغیر ہی زندگی گزار رہے ہیں، البتہ اُن کے علماء اپنے اماموں پر جھوٹی حدیثیں گھڑتے چلے گئے اور کئی ذریعوں سے غیبوبیت کے چنگل سے نکلنے کی متعدد کوششیں کرتے رہے، اور اس میں کوئی شک نہیں کہ اِن کوششوں میں سب سے بڑی کوشش رافضی ایران میں ولایت فقیہ (یعنی فقیہ کی حکومت) کا نظام ہے۔ اِسی لئے ہم دیکھ رہے ہیں کہ یہ لوگ اِس دور میں ظہور کے وقت کے بارے میں بہت گفتگو کر رہے ہیں اور اِس سے اُن کا مطلب مہدی جس کے وہ منتظر ہیں کا ظہور ہے، تا کہ وہ ایک عادلانہ ریاست اسلامیہ کا قیام کرے اور اہل بیت کے دشمنوں (یعنی اہل سنت) سے انتقام لے اور (اُنکے گمان میں) زمین کو اُسی طرح عدل سے بھر دے جس طرح وہ اِس سے پہلے ظلم و زیادتی سے بھری ہوئی تھی۔

حیرت کے ہزار سال

